



# جمعیۃ علماء ہند کے وفد کا وائناڈ کے متاثرہ علاقوں کا دورہ

**ناظم عمومی کی قیادت میں وفد نے متاثرین سے ملاقات کی اور جان و مال کے نقصان کا جائزہ لیا، اس مصیبت کی گھڑی میں جمعیۃ علماء ہند بلاتفریق مذہب وملت آپ کے ساتھ کھڑی ہے: مولانا ارشد مدنی**

نئی دہلی: 10/اگست: گزشتہ 26/جولائی کو شروع ہوئی طوفانی بارش سے کیرالا کے وائناڈ ضلع میں جو بھیانک تباہی ہوئی ہے لفظوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا، چھ سو سے زیادہ لوگوں کی موتیں ہوچکی ہیں اور ہزاروں لوگوں کو بے گھر ہونا پڑا ہے، راحت رسانی کا کام مسلسل جاری ہے، لیکن جس طرح کی تباہی ہوئی ہے اس کے پیش نظر وہاں وسیع پیمانہ پر راحت رسانی کی ضرورت ہے، جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا ارشد مدنی کی ہدایت پر جمعیۃ علماء کے ایک نمائندہ وفد نے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور جان و مال کی جو تباہی ہوئی ہے اس کا مشاہدہ کیا، دورہ کے بعد وفد نے کہا کہ کیرالا میں سیلاب کی تباہ کاریاں ناقابل بیان ہیں، جس پر صدر جمعیۃ علماء ہند مولانا ارشد مدنی نے کہا کہ جمعیۃ علماء ہند کیرالا میں آئے تباہ کن طوفان کے متاثرین سے اپنی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے، اور انہیں اس بات کا یقین دلاتا ہے کہ اس مصیبت کی گھڑی میں جمعیۃ علماء ہند بلاتفریق مذہب وقوم آپ کے ساتھ کھڑی ہے، ہم مالک کائنات کے بندہ ہیں لہذا اس کے ہر فیصلہ پر سر تسلیم خم کردینا ہی ہماری بندگی کا تقاضا ہے، وہی ہماری پریشانی کا مداویٰ کرے گا، پھر بھی بطور اسباب کے جمعیۃ علماء ہند اور اس کے خدام اور اس کی شاخیں اپنی بساط کے مطابق طوفان متاثرین کی مدد و اعانت کے لئے سرگرم عمل ہیں، ساتھ ہی مولانا مدنی نے راحت رسانی باز آبادکاری، طبی خدمات و دیگر ضروری کاموں میں مصروف جمعیۃ کی ٹیموں کو یہ ہدایت دی ہے کہ مذہب سے اوپر اٹھ کر ہندو ہو یا عیسائی یا مسلمان تمام متاثرین کے لئے انسانی ہمدردی کے جذبہ سے کام کرنے کی ضرورت ہے، اسی طرح ایک ایسی ٹیم بھی تشکیل دینے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے جو دستاویز بنوانے میں متاثرین کی صحیح رہنمائی کرے اور سرکاری کاغذات کو درست کرائے تاکہ سرکاری اسکیم اور ریلیف سے فائدہ حاصل کرنے میں کسی طرح کی پریشانی سے بچا جاسکے، خدا کی ذات سے توقع ہے کہ وہ ہمیشہ کی طرح اس وقت بھی اس خدمت کو انجام تک پہنچانے میں مدد کریگا۔ ان شاء اللہ۔ اور اسی وقت سے جمعیۃ علماء ہند نے مصیبت کی اس گھڑی میں ضلع وائناڈ کے میپاڑی میں مستقل ریلیف کیمپ قائم کردیا ہے جہاں سے متاثرین کو روزمرہ استعمال کی اشیاء فراہم کی جارہی ہے، اس میں ایسے لوگ بھی شامل ہیں جو متاثرہ جگہ سے کہیں دور فی الحال کرایہ پر رہ رہے ہیں انہیں بھی کھانے پینے اور پکانے کے لئے برتن وغیرہ دیئے جارہے ہیں اور جن کو ابھی تک کوئی رہنے کی جگہ دستیاب نہیں ہوسکی ہے ایسے تقریباً پانچ سو لوگوں کو روزانہ کھانا مہیا کرایا جارہا ہے، جمعیۃ علماء ہند یہ کام بلاتفریق مذہب وملت انجام دے رہی ہے اور ان شاء اللہ آگے بھی دیتی رہے گی۔ وفد کی قیادت ناظم عمومی مفتی سید معصوم ثاقب نے کی، وفد نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ اب پنجیرٹھم، منڈکئی، چورل ملائی گاؤں جو ایک ندی کے کنارے آباد تھے، پہاڑی سیلاب میں پوری طرح سما گئے، وہاں 26 جولائی سے مسلسل طوفانی بارش ہورہی تھی، اس لئے بھی فوری راحت رسانی کا کام متاثر ہوا، زمین کے تودوں کے کھسکنے کی وجہ سے تمام راستہ بند ہوگئے تھے، اور وہاں ہیلی کاپٹر سے ہی پہنچا جاسکتا تھا، بارش کے تھمنے کے بعد فوج نے بڑی مشقت کے بعد راستہ کھولے، صدر جمعیۃ علماء ہند نے اول دن سے کرناٹک اور کیرالا اکائیوں کو وہاں پہنچ کر راحت رسانی کرنے کے احکامات جاری کردیئے تھے، چنانچہ جیسے ہی راستہ کھلے جمعیۃ علماء کے رضاکار وہاں پہنچ گئے، صدر جمعیۃ علماء نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ بعد میں اپنے ناظم عمومی مفتی سید معصوم ثاقب کی سربراہی میں ایک وفد وہاں بھیجا جس میں جمعیۃ علماء کرناٹک، میسور، ہاسن، چامراج نگر اور بنگلور کے اراکین کے ساتھ جمعیۃ علماء کیرالا کے اراکین بھی شامل تھے، وفد نے متاثرین سے ملاقات کرکے وہاں ہونے والی تباہی کی ہولناک داستان سنی، وفد کے ساتھ مقامی ممبر اسمبلی ایڈوکیٹ صدیق بھی تھے، یہاں مسلم لیگ اور بہت سی غیر سرکاری تنظیموں کے وہ نمائندہ بھی موجود تھے جنہوں نے ریسکیو کا کام کیا تھا، وفد نے ان لوگوں سے بھی ملاقات کیں، بعد ازاں وفد نے مقامی مسجد کے اس امام سے بھی ملاقات کی جس نے اپنے ہاتھوں سے بہت سی میتوں کو غسل دیا تھا اور ان کے کفن دفن کا انتظام کیا تھا، مذکورہ امام نے 26 جولائی سے 6 اگست تک وہاں جو کچھ ہوا اس کی دلخراش تفصیل وفد کو بتائی، ہرچند کے راحت رسانی کا کام مسلسل جاری ہے لیکن اب بھی یہاں بڑے پیمانہ پر راحت رسانی کی ضرورت ہے، وفد نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ پنجیرٹھم 150، منڈکئی 200، اور چورل ملائی گاؤں میں تقریباً سو مکانات پوری طرح تباہ ہوچکے ہیں، یہاں جو بازار تھا وہ بھی بے نام نشاں ہوچکا ہے، اب تک تقریباً چھ سو سے زیادہ لاشوں کو ملبہ سے نکالا جاچکا ہے، یہاں کثرت سے چائے کے باغات ہیں، جن میں کام کرنے والے زیادہ تر بہار، بنگال اور آسام کے لوگ ہیں، جن کا کوئی ایڈریس پروف نہیں ہے، پورے علاقہ کو خالی کرالیا گیا ہے، جو مکانات تباہ ہونے سے بچ گئے ہیں وہ بھی اب رہنے کے لائق نہیں ہیں، بہت سی عبادت گاہیں جن میں مسجد، چرچ اور مندر شامل ہیں زمین دوز ہوچکی ہیں، اس سے پہلے 2019 میں کیرالا میں جو سیلاب آیا تھا، اس سے بھی کافی تباہی ہوئی تھی، اس وقت جمعیۃ علماء ہند آگے آئی تھی، مولانا مدنی کی ہدایت پر جمعیۃ علماء ہند نے سو مکانات کی تعمیر کروائی تھی اس خبر کو قومی اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کیا تھا اور جمعیۃ علماء ہند کی اس انسانیت نوازی کی ستائش کی تھی، چنانچہ کیرالا کے عوام کو خواہ وہ مسلم ہو یا عیسائی یا پھر ہندو ان سب کو حکومت سے زیادہ مولانا مدنی کی ذات پر یقین ہے کہ وہ جو وعدہ کرتے ہیں اسے پورا کرتے ہیں، دوسرے لوگ تو آتے ہیں دلاسہ دیتے ہیں، اعلانات کرتے ہیں اور واپس جاکر بھول جاتے ہیں، مگر جمعیۃ علماء ہند جو کہتی ہے اسے کرتی ہے، 20219 میں جمعیۃ علماء ہند نے جن بے گھروں کو نئے گھر مہیا کرائے تھے ان میں ایک بڑی تعداد میں عیسائی اور ہندو شامل تھے، یوں بھی جمعیۃ علماء ہند کی یہ تاریخ رہی ہے کہ بلاتفریق مذہب وملت محض انسانیت کی بنیاد پر فلاح و بہبود کا کام کرتی ہے، چنانچہ جمعیۃ علماء ہند کے اس وفد کو اپنے درمیان پاکر وائناڈ سیلاب متاثرین نہ صرف جذباتی ہوگئے بلکہ ان سب نے ایک زبان میں کہا کہ مولانا مدنی کے لوگ آگئے اب ہم بے گھر نہیں رہیں گے، یہاں ہزاروں لوگوں کو کیمپوں میں رکھا جارہا ہے، ان کیمپوں میں بہت سے ایسے بچے اور بچیاں بھی ہیں جن کے ماں باپ اب اس دنیا میں نہیں رہے، دریں اثنا جمعیۃ علماء کے وفد نے نقصانات کا جائزہ لینے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دیدی ہے، جن لوگوں کے مکانات تباہ ہوچکے ہیں ان کے بارے میں بھی کمیٹی رپورٹ تیار کریگی علاقائی ممبر اسمبلی نے وفد کو بتایا کہ ریاستی حکومت نے بھی اس طرح کی ایک کمیٹی بنائی ہے، پریشانی یہ ہے کہ مزدور پیشہ لوگ ندی کے کنارے یا پھر جنگلات کے علاقوں میں گھر بنا کر رہنے لگتے ہیں جو درحقیقت ان کی اپنی ملکیت نہیں ہوتی، بلکہ وہ سرکاری زمین ہوتی ہے وفد نے متاثرین کو یقین دلایا کہ اس مصیبت کی گھڑی میں جمعیۃ علماء ہند ان کے ساتھ ہے اور رپورٹ آنے پر جتنے بھی بے گھر لوگ ہیں ریاستی حکومت جہاں زمین فراہم کریگی جمعیۃ علماء ہند وہاں انہیں رہنے کے لئے اپنی بساط کے مطابق نئے مکانات بنا کردیگی۔

**کل جماعتی وفاق مسلم نمائندہ کونسل اورنگ آباد کی جانب سے**

# مراٹھواڑہ خطے میں اہم اجلاس کے انعقاد کا اعلان

اورنگ آباد: 10/اگست: کل جماعتی وفاق مسلم نمائندہ کونسل اورنگ آباد کی جانب سے مراٹھواڑا خطے میں ایک اہم کنونشن کے انعقاد کا اعلان کیا گیا ہے، جو خطے کے مسلم عوام اور قائدین کے لیے خصوصی اہمیت کا حامل ہوگا۔ اس کنونشن میں دو بنیادی اور انتہائی اہم موضوعات پر تفصیلی گفتگو کی جائے گی۔ پہلا موضوع اورنگ آباد، عثمان آباد، اور احمد نگر کے تاریخی شہروں کے ناموں کی تبدیلی سے متعلق ہے۔ مرکزی حکومت کی جانب سے ان شہروں کے نام تبدیل کرنے کی کوششوں نے مراٹھواڑا کے مختلف طبقوں میں اضطراب پیدا کر دیا ہے۔ اس اقدام کو تاریخی ورثے اور مسلم شناخت پر ایک حملہ سمجھا جارہا ہے۔ مسلم نمائندہ کونسل اس تبدیلی کو علاقے کی تاریخ اور ثقافت کے ساتھ کھلواڑ قرار دیتی ہے۔ کنونشن میں اس بات پر غور کیا جائے گا کہ ناموں کی اس تبدیلی کے پیچھے کیا مقاصد ہو سکتے ہیں، اور کمیونٹی اس کے خلاف قانونی اور عوامی سطح پر کیا اقدامات اٹھا سکتی ہے۔ دوسرا موضوع وقف قوانین میں حالیہ ترامیم کے حوالے سے ہے جو مرکزی حکومت نے متعارف کروائی ہیں۔ ان ترامیم کے نتیجے میں وقف املاک کی خودمختاری اور تحفظ کے حوالے سے سنگین خدشات پیدا ہو چکے ہیں۔ وقف املاک، جو کہ مسلم کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے لیے مخصوص ہوتی ہیں، ان پر حکومتی کنٹرول کے اضافے نے کمیونٹی کے حقوق اور ان املاک کے مستقبل کے حوالے سے شکوک وشبہات کو جنم دیا ہے۔ کنونشن میں وقف ماہرین، علماء، اور قانونی ماہرین اس بات کا تجزیہ کریں گے کہ یہ ترامیم کیسے مسلم کمیونٹی کے مفادات کو متاثر کرسکتی ہیں، اور ان کے تحفظ کے لیے کیا قانونی راستے اختیار کیے جا سکتے ہیں۔ کنونشن کی تاریخ، مقام، اور وقت کا اعلان جلد کیا جائے گا، اور اس میں شرکت کے لیے مراٹھواڑا کے تمام اضلاع، خصوصاً اورنگ آباد، عثمان آباد، اور احمد نگر کے مسلم رہنماؤں، سماجی کارکنوں، اور عوام کو مدعو کیا جائے گا۔ یہ کنونشن ان مسائل پر کھل کر بات کرنے اور آئندہ کے لیے ایک مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ کل جماعتی وفاق مسلم نمائندہ کونسل کے صدر ضیاء الدین صدیقی نے یہ بات کہی کہ، یہ کنونشن مراٹھواڑا کے مسلم قائدین اور عوام کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کا ایک نادر موقع ہوگا جہاں وہ اپنے حقوق اور تاریخی ورثے کے تحفظ کے لیے یکجا ہوسکیں گے۔ اس اہم اجلاس کے ذریعے کل جماعتی وفاق مسلم نمائندہ کونسل مراٹھواڑا کی مسلم کمیونٹی کے تحفظ اور ان کے مفادات کے لیے بھرپور جدوجہد کرنے کا عزم رکھتی ہے۔

# ابو عاصم اعظمی نے بھیونڈی ویسٹ میں نئے دفاتر کا افتتاح کیا



بھیونڈی: 10/اگست (شارف انصاری):- بھیونڈی شہر آبزرور اور مہاراشٹر کے سکریٹری جناب ریاض اعظمی اپنے نمایاں کاموں کے لیے پورے علاقے میں جانے جاتے ہیں۔ پچھلے دو سالوں میں، انہوں نے اپنے پانچ دفاتر (دستاویزی کام اور سماجی کام) کے ذریعے 1 لاکھ سے زیادہ لوگوں کی خدمت کی ہے اور مختلف شعبوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اسی طرح کھاڑی پار اور اسلام پورہ میں دو نئے دفاتر کا افتتاح کیا گیا۔ اس اہم موقع پر مہاراشٹر کے ریاستی صدر جناب ابو عاصم اعظمی نے اپنی موجودگی کے ساتھ پروگرام کو شرف بخشا۔ افتتاحی تقریب میں لوگوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ایم ایل اے ابو عاصم اعظمی نے اپنے خطاب میں ریاض اعظمی کے کاموں کی تعریف کی اور اعلان کیا کہ ریاض اعظمی کو بھیونڈی ویسٹ سے کامیاب کرانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سماج وادی پارٹی کی ترقی کو دیکھ کر بہت خوش ہیں اور ایک نئے چہرے کے طور پر ریاض اعظمی کی حمایت کرنا چاہتے ہیں۔ یہ پروگرام سماج وادی پارٹی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور اس کے مفاد عامہ کے کاموں کی سمت ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔ جناب ریاض اعظمی کی قیادت میں بھیونڈی ویسٹ کے عوام کو ایک نئی سمت اور امیدیں مل رہی ہیں۔

# نشہ آور اشیاء کے مضر اثرات پر بیداری پروگرام



جلگاؤں: 10 اگست (عقیل خان بیاولی) شہر کی اقراء اردو ہائی اسکول سالار نگر میں ریاستی حکومت، شعبہ تعلیم ومحکمہ سماجی فلاح وبہبود کی ہدایات کے مطابق طلباء میں نشہ آور اشیاء کے مضر اثرات سے متعلق معلومات بیداری واس سے مرتب ہونے والے مزہبی جسمانی معاشی سماجی مضر اثرات سے بیداری ورہنمائی سے متعلق ایک پروگرام کا انعقاد صدر مدرس ڈاکٹر ہارون بشیر کی صدارت میں منعقد ہوا اس موقع پر مقرر خصوصی ویسن مکتی ابھیان ضلع جلگاؤں کے نمائندہ، سلام فاؤنڈیشن ممبئی کے نمائندہ، کینسر متاثرہ راج محمد صیقلگر نے طلباء کو نشہ آور اشیاء تمباکو سگریٹ شراب مختلف کولڈرنکس، وغیرہ جیسی اشیاء کی نشہ آوری سے ہونے والے نقصانات کی معلومات دیتے ہوئے اپنے آپ کو اپنے اہل خانہ دوست احباب رشتہ داروں، کو بھی اس سے بچانے کی تلقین کی انھوں نے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ معصوم ہیں آپ اپنے خاندان میں نشہ کے عادی رشتہ داروں کو ضد کرکے ان کی ذہن سازی کرکے ہر طرح کے نشہ خواہ وہ کتنا ہی اور کیسا بھی ہو اس سے انہیں روکنے کی کوشش کریں اس کے نقصانات سے انہیں آگاہ کرتے رہیئے صدر مدرس ڈاکٹر ہارون بشیر نے بھی نشہ کی لت کے مضر اثرات پر رہنمائی کرتے ہوئے اس سے مستقبل میں بچنے کی ہدایت دی چھوٹے بچے ان دنوں سافٹ ڈرنکس، کولڈرنکس، انجری ڈرنکس کے نام پر بازاروں میں بکنے والی چیزوں سے جانے انجانے میں متاثر ہورہے ہیں لہٰذا طلباء بھی کھانے پینے کی اشیاء خریدتے وقت بڑوں کی رہنمائی میں رہیں۔ کنونیر شعبہ سائنس کے معلم شاہ ریاض جعفر اغراض ومقاصد پیش کرتے ہوئے صحت تندرستی کو کس طرح نشہ متاثر کرکے انسانی جسم کو کیسے کمزور کردیتا ہے سے متعلق بات کہی اس موقع پر جملہ طلباء واساتذہ کرام موجود تھے۔

## کتے کو پتھر مارنے پر ہوئی پٹائی

بھیونڈی: 10/اگست (شارف انصاری) :- بھیونڈی کے نظام پور تھانہ کے تحت سنگم پاڑا علاقے میں ایک شخص کو بھونکتے کتے پر پتھر پھینکنا بھاری پڑ گیا۔ جس کی وجہ سے ایک جوڑے نے اس کی پٹائی کی۔ پولیس کے مطابق سنگم پاڑا میں مدرسہ کے قریب رہنے والے 37 سالہ راجیش بھاگ ملک پیر کی علی الصبح 4 بجے پانی بھرنے مدرسہ کے پاس گئے تھے۔ جہاں ایک کتا انہیں دیکھ کر بھونکنے لگا، جس کے بعد کتے کو بھگانے کے لیے مالک راجیش نے قریب ہی پڑا پتھر اٹھا کر کتے کو مارا۔ لیکن اس کے بعد وہاں موجود میاں بیوی نے راجیش ملک کی پٹائی کر دی۔ اور دھمکیاں وگالی گلوچ کرتے ہوئے کہا کہ "یہاں رہنا ہے تو اچھے سے رہنے کا"۔ اس معاملے میں نظام پورہ پولیس نے راجیش ملک کی شکایت پر سراج سلیم شیخ 45 اور ان کی اہلیہ شمع سراج شیخ کے خلاف بی این ایس کی دفعہ 118 (1)، 351، 352 (2) کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔

## الطاف شیخ بنے بی جے پی بیاول تعلقہ اقلیتی سیل کے صدر



جلگاؤں: 10 اگست (عقیل خان بیاولی) بیاول شہر کے جواں سال سیاسی سماجی کارکن شیخ الطاف عبدالصمد کو بی جے پی اقلیتی بیاول تعلقہ کے عہدہ صدر منتخب کیا گیا، وزیر دیہی ترقیات گریش مہاجن نے اس انتخاب کو پیش کرنے کے لیے ممبئی مدعوں کیا اس موقع پر میں ذکرا ایجوکیشن سوسائٹی کے صدر رحیم شیخ بھی موجود تھے۔ یہ انتخاب ضلع صدر امول بھائی، تعلقہ صدر امیش لیوا فیگڑے، بھاؤ جاولے کی تجویز پر کیا گیا۔ اس انتخاب پر ڈاکٹر کندن پھیگڑے شہر صدر ڈاکٹر نیلیش گاڈے۔ ولاس چودھری، ہیمراج پھیگڑے۔ بھوشن پھگڑے، کشور کلکرنی، گوپال سنگھ پاٹل، پنڈلک باری، وغیرہ کے ہمراہ حلقہ احباب ومتفقین نے مبارکباد پیش کی۔

## موظف صدر مدرس عبدالعزیز شاہ کی رحلت



جلگاؤں: 10 اگست (عقیل خان بیاولی) ایم ایس جی کالج مالیگاؤں کے پروفیسر ڈاکٹر ایاز شاہ، کے کے اردو گرلز ہائی اسکول و جونیئر کالج جلگاؤں کے ہیڈ کلرک آصف شاہ و اسد شاہ سر کے والد محترم الحاج عبدالعزیز شاہ ظہور شاہ عمر ۸۵ سال کا طویل علالت کے بعد جمعہ ۹ اگست کی شام انتقال ہوگیا بروز سنیچر صبح ۱۰ بجے اجنتا سرکل کے قریب قدیم قبرستان جلگاؤں میں تدفین عمل میں آئی اس موقع پر علمی ادبی تعلیمی طبی سماجی سیاسی شعبہ جات کی اہم شخصیات موجود تھیں۔ مرحوم تھانہ ضلع پریشد سے سبکدوش صدر مدرس، ایک مشفق استاد بہترین صدر مدرس کے طور پر مقبول رہے طلباء کی ہمہ جہت ترقی کے لیے آپ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ معاون سرگرمیوں میں بھی طلباء کو شامل کرنے کے لئے کوشاں رہتے مختلف مقابلوں کے لئے انہیں تیار کرنا مرحوم کا خاص انداز تھا علم وادب سے بڑا لگاؤ تھا فی البدیہ کہنا اور کہتے کہتے اصلاح کرنا ان کا حسن کمال تھا اپنی شاہ برادری کی تعلیمی بیداری وترقی کے لئے ہمیشہ کوشاں رہیں۔ انجمن مسلم شاہ برادری کے ریاستی صدر الحاج امان اللہ شاہ، ڈاکٹر ذبیح اللہ شاہ، ڈاکٹر شریف شاہ کے بہنوئی تھے پسماندگان میں بھرا پورا خاندان ہے۔ ان کا آبائی وطن چوپڑا ضلع جلگاؤں تھا۔

## بنگلہ دیش میں نہیں تھم رہا تشدد، مظاہرین نے عدالت عظمیٰ کو گھیرا

ڈھاکہ: 10/اگست: بنگلہ دیش میں عبوری حکومت تشکیل پاچکی ہے اور محمد یونس کی قیادت میں سبھی وزراء کو قلمدان بھی تقسیم کیا جاچکا ہے۔ اس کے باوجود ملک میں تشدد تھمنے کا نام نہیں لے رہا ہے۔ ہفتہ کے روز مظاہرین نے بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ کا گھیراؤ کر دیا اور چیف جسٹس عبیدالحسن سے استعفیٰ کا مطالبہ کرنا شروع کر دیا۔ حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے چیف جسٹس عبیدالحسن نے اپنے استعفیٰ کا اعلان کر دیا ہے اور آج شام انھوں نے صدر محمد شہاب الدین سے ملاقات کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا جا رہا ہے کہ مظاہرین نے چیف جسٹس اور اپیلیٹ محکمہ کو دوپہر ایک بجے تک استعفیٰ دینے کی تنبیہ کی تھی۔ جب مظاہرین نے عدالتی احاطہ کا گھیراؤ کرلیا تو چیف جسٹس عبیدالحسن کو استعفیٰ دینے کے علاوہ کوئی راستہ نظر نہیں آ رہا تھا۔ مظاہرین نے یہ بھی دھمکی دی تھی کہ اگر مقررہ وقت پر سپریم کورٹ کے سبھی ججوں نے استعفیٰ نہیں دیا تو ان کے گھروں کا گھیراؤ کیا جائے گا۔ بتایا جارہا ہے کہ طلبا اور وکلاء سمیت سینکڑوں مظاہرین نے صبح 10.30 بجے سے ہی سپریم کورٹ میں جمع ہونا شروع کر دیا تھا۔ انھوں نے مظاہرہ کے دوران چیف جسٹس اور اپیلیٹ محکمہ کو استعفیٰ دینے کی تنبیہ کی اور پھر زوردار انداز میں مظاہرہ بھی کیا۔ اس سے قبل بنگلہ دیش کی عبوری حکومت میں وزارت کھیل ونوجوان کے صلاح کار آصف محمود نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم فیس بک پر ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے چیف جسٹس عبیدالحسن سے بلاشرط معافی کا مطالبہ کیا تھا۔ اس کے علاوہ آصف محمود نے عدالت کی میٹنگوں پر روک لگانے کی بھی تنبیہ دی تھی۔

## جلگاؤں جالنہ نئی ریلوے لائن کو مرکزی کابینہ نے دی منظوری




جلگاؤں: 10/اگست (عقیل خان بیاولی) ۱۰ اگست مرکزی کابینہ نے جلگاؤں اور جالنہ کے درمیان نئی ریلوے لائن پروجیکٹ کو منظوری دے دی ہے۔ یہ ریلوے لائن 174 کلومیٹر لمبی ہوگی اور اس لائن کی تخمینہ لاگت 7 ہزار 106 کروڑ روپے ہوگی۔ 50 فیصد فنڈ مرکزی حکومت اور 50 فیصد ریاستی حکومت فراہم کرے گی۔ مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات اشونی وشنو نے کہا کہ مرکزی کابینہ نے آٹھ نئی ریلوے لائنوں کو منظوری دی ہے انہوں نے کہا کہ مہاراشٹر میں جالنا سے جلگاؤں تک نئی ریلوے لائن کی تعمیر سے اجنتا غاروں تک جانا آسان ہو جائے گا، جو یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے میں شامل ہے۔ اس ریلوے لائن کی وجہ سے مراٹھواڑہ آسانی سے شمالی مہاراشٹر، مدھیہ پردیش اور گجرات سے جڑ جائے گا۔ اس ریلوے لائن کے لیے 936 ہیکٹر اراضی حاصل کی جائے گی اور اب کابینہ میں منظوری ملنے کے بعد اراضی کے حصول کے ساتھ ساتھ مزید عمل شروع کرنے کا راستہ صاف ہوگیا ہے۔

**ایسی ہے یہ ریلوے**

جالنا سے پیر پمپلگاؤں، باوانے پنگری، سرکیشتیر راجور، بھوکردن، سلوڈ، گولیگاؤں، اجنتا، فردا پور، جلگاؤں کا 70 فیصد راستہ جالنا لوک سبھا حلقہ سے گزرے گا اور سورت، گجرات، راجستھان سے آندھرا جانے والی ٹرینوں کے شارٹ روٹ کے طور پر مزید فائدہ ہوگا۔ اس لائن سے خاندیش اور مراٹھواڑہ کے تاجروں کو فائیدہ ہوگا۔

## حضرت شیخ الہند پرائمری اسکول میں منیار برادری کی جانب سے طلباء میں یونیفارم کی تقسیم

**جسمانی تعلیم کے وسائل وفزیکل ڈائریکٹر کی بھی اعزازی خدمات فراہم کی جائے گی**



جلگاؤں: 10 اگست (عقیل خان بیاولی) مدرسہ انوار العلوم مہرون کے زیر اہتمام جاری حضرت شیخ الہند پرایمری اسکول مہرون جلگاؤں کے مستحق طلباء کو منیار برادری گزشتہ ۱۵ برسوں سے اسکول یونیفارم مہیا کرتی آرہی ہے امسال بھی کل ۸۰ طلباء کو یونیفارم کی تقسیم مدرسہ انوار العلوم کے سربراہ مولانا عبدالرحمن کی صدارت میں تقسیم کئے گئے اسی کے ساتھ برادری کی طرف سے ضلعی صدر فاروق شیخ نے اعلان کیا کہ طلباء کو جسمانی کھیل کود کے وسائل اور فزیکل ڈائریکٹر بھی اسپورٹس ہاؤس کے تعاون سے اعزازی طور پر فراہم کئے جائیں گے۔ اغراض ومقاصد صدر معلم جانثار اختر حمید نے بیان کی، نظامت محمد ارشد نے کی اس موقع پر عبدالروف ٹیلر، وغیرہ موجود تھے مولانا عبدالرحمن کی دعاؤں سے پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

## ملّت میں سائنسی آلات کی نمائش



جلگاؤں: 10 اگست (شیخ زیان احمد) ملّت ہائی اسکول اور جونیئر کالج، مہرون، جلگاؤں میں سائنس آلات نمائشی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس نمائش میں سائنس مضمون کے تجربات میں استعمال ہونے والے 60 سے 70 اقسام کے سائنسی آلات رکھے گئے۔ ان کی معلومات اسکول کے دیگر طلبہ وطالبات نے تمام جماعتوں کے طلبہ کو دی اور ان کے استعمال کا طریقہ بتایا۔ اس کام کو 105 طلبہ نے انجام دیا۔ ایک دن لڑکوں کے لیے اور ایک دن لڑکیوں کے لیے مختص رکھا گیا۔ ان دو دنوں میں اسکول کے پانچویں سے دسویں تک کے تمام طلبہ نے استفادہ کیا۔ نمائش کا اِفتتاح کے موقع پر کچھ بچوں نے خود تیار کردہ 5 مختلف قسم کے حیرت انگیز ماڈلز کا مظاہرہ کیا۔ افتتاحی پروگرام کی صدارت ملّت ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے نائب صدر پروفیسر ڈاکٹر اقبال شاہ سر نے کی۔ ساتھ ہی سکریٹری شیخ فرید سر، شیخ ایاز سر، شیخ مقیم سر، عبدالقیوم شاہ سر، علاقے کے میونسپل کارپوریٹر پرشانت نائک، صدر مدرس شیخ حفیظ سر، سپروائزر مختار سر وغیرہ موجود تھے۔ شعبۂ سائنس کے انچارج ساجد خان سر، عطاء الرحمن شاہ سر، شعیب خان سر کے ساتھ لیب اٹینڈنٹ فرید بھائی، بابو شاہ وغیرہ نے محنت کی۔

# سپریم کورٹ کا حجاب معاملہ میں سماج کے ٹھیکیداروں سے کئی چبھتے ہوئے سوال

**جاوید جمال الدین**

حجاب پر پابندی کے معاملہ میں سپریم کورٹ نے ممبئی کے ایک کالج کی طرف سے کیمپس میں برقع، حجاب یا نقاب پہننے والی طالبات پر لگائی گئی پابندی کو جزوی طور پر روک دیا اور اس موقع پر عدالت عظمیٰ نے سماج کے ٹھیکیداروں سے ایک سنگین اور قابل غور سوال کیا کہ "کیا آپ مستقبل میں دیگر طالبات کے ماتھے پر بندی یا تلک لگانے پر بھی پابندی لگائیں گے؟" جسٹس سنجے کمار کی بینچ نے کالج کے اس استدلال پر بھی تنقید کی کہ یہ پابندی طالب علم کے مذہب کو ظاہر کرنے کے لیے نہیں تھی، کہا کہ "کیا آپ ان کو نمبروں سے شناخت کرنے کو کہیں گے؟" گزشتہ 10 سال کے دوران کوئی دن ایسا نہیں گیا ہوگا کہ ملک کے مسلمانوں کو کسی نہ کسی معاملے میں الجھانے کی سازش رچی گئی، ان معاملات میں گئوکشی، لوجہاد، لاوڈاسپیکر پر اذان، سڑکوں پر نماز کی ادائیگی سرفہرست رہے، نصف صدی قبل بھی اسی طرح کی حرکتیں سرکاری سطح پر کی جاتی رہیں، لیکن تب علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار، اردو زبان کی حیثیت اور تین طلاق کے معاملات پیش پیش رہے، ان معاملات میں مسلمانوں کو حکومت الجھا کر رکھنا چاہتی تھی، اب فرقہ پرست سرگرم ہیں اور مودی حکومت کی انہیں مبینہ طور پر پشت پناہی حاصل رہتی ہے۔ انتظامیہ، پولیس اور شکایت ہے کہ ایک حد تک عدلیہ کا رُخ بھی تبدیل ہوچکا ہے۔ چند سال سے گئوکشی، لوجہاد لاوڈاسپیکر پر اذان، سڑکوں پر نماز کے معاملات کے ساتھ ساتھ برقع اور حجاب کو بھی نشانہ بنایا جارہا ہے۔ جنوبی ہند کی ریاست کرناٹک کے کالجوں میں حجاب کا معاملہ ریاستی اسمبلی انتخابات کے موقع پر شدت سے اٹھایا گیا اور فرقہ پرستوں کے ساتھ ہی حکومت بھی ملوث ہوگئی، ایک کالج میں دائیں بازو کے انتہا پسند جتھے کے سامنے مسکان خان نامی برقع پوش طالبہ ڈٹ گئی اور ان کے نعروں کو جواب نعرہ تکبیر سے دے کر شہرت حاصل کی تھی۔ اس واقعہ نے معاملہ سنگین بنادیا۔ اس درمیان ریاست کرناٹک میں ہندوانتہا پسندوں نے باحجاب طالبات پر زندگی تنگ کردی۔ کیونکہ ریاست میں بی جے پی کی حکومت تھی اور اُس نے درپردہ ان شرپسندوں کی حمایت کی۔ حالانکہ مسکان نامی طالبہ کو انتہا پسندوں نے ڈرایا دھمکایا، لیکن طالبہ نے بھی ڈٹ کر ہراساں کرنے والوں کا مقابلہ کیا۔ یہ واقعہ مہاتما گاندھی میموریل کالج اودوپی میں پیش آیا تھا۔ مسکان کی ہمت پر ملک بھر میں اُن کی حوصلہ افزائی کی گئی اور انعامات سے نوازا گیا، اسمبلی الیکشن کے بعد کانگریس حکومت تشکیل دی گئی اور وعدے کے مطابق وزیر اعلی سدارمیا نے سابقہ حکومت کا فیصلہ بدل دیا۔ کرناٹک کے اوڈپی کے کالج کے نقش قدم پر چلتے ہوئے چمبور علاقے کے اچاریہ اور مراٹھا کالج کے منتظمین نے بھی حجاب، اسکارف اور برقع پر پابندی عائد کردی، پہلی بار شدید احتجاج کے نتیجے میں اگر مگر کرکے انہوں نے فیصلہ واپس لے لیا، مگر چندمہینے قبل اسے پھر سے سختی سے نافذ کردیا اور چند طالبات نے بمبئی ہائیکورٹ سے رجوع کیا، لیکن اُن کی عرضی کو مسترد کردیا اور وہ سپریم کورٹ پہنچیں، جہاں انہیں انصاف مل گیا۔ حجاب معاملے پر عدالت نے ایک اہم فیصلہ سناتے ہوئے ممبئی کے کالج کی طالبات کو بڑی راحت دینے کا اعلان کیا ہے۔ واضح رہے کہ شہر کے دو کالجوں میں حجاب، اسکارف اور ٹوپی پہننے پر عائد پابندی عدالت عظمیٰ نے ہٹادی، حالانکہ برقع کلاس روم میں اتارنے کی ہدایت دی گئی، البتہ کالج کے احاطے میں اس کی اجازت رہیگی۔ اس معاملہ میں سپریم کورٹ کالج انتظامیہ پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سوال کیا کہ کیا تم کسی کے لباس پر بھی اعتراض کر سکتے ہوئے؟ اگر ایسا ہے تو شخصی آزادی کہاں گئی۔ اسی طرح عدالت نے یہ بھی پوچھا کہ کیا مستقبل میں انتظامیہ کالج میں ماتھے پر بندی اور تلک لگانے والی لڑکیوں پر بھی پابندی لگائے گا، ممبئی کے مضافات میں واقع اچاریہ اور ڈی کے مراٹھے کالج نے حجاب، نقاب، برقع، اسکارف اور ٹوپی کے استعمال پر پابندی لگادی تھی۔ جیسا کہ ذکر کیا گیا ہے کہ اس کے خلاف لڑکیوں نے پہلے بمبئی ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا لیکن ہائی کورٹ نے اس درخواست کو مسترد کردیا تھا جس کے خلاف کیس سپریم کورٹ پہنچا اور عدالت نے کالجوں کے فیصلے پر پابندی لگادی ہے۔ سپریم کورٹ نے اس معاملے میں عبوری اسٹے دیا ہے اور آئندہ سماعت 18 نومبر کے بعد کرنے کی بات کہی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کب تک اقلیتی فرقے کا اس طرح استحصال کیا جائے گا، کیونکہ جسٹس سنجیو کھنہ نے اس موقع پر سماج کے ٹھیکیداروں سے کئی چبھتے ہوئے سوال کیے ہیں۔ دراصل عرضی دہندہ کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ممبئی کے جس کالج میں حجاب پر پابندی لگائی گئی ہے، اس کالج میں 400 سے زیادہ طالبات پڑھ رہی ہیں۔ پھر عدالت نے کالج سے حجاب پر پابندی لگانے کے فیصلہ کے پیچھے موجود وجہ دریافت کی۔ اس پر کالج کے وکیل نے کہا کہ انہوں نے کالج میں حجاب پر پابندی کا فیصلہ اس لیے لایا تاکہ طالبہ کا مذہب کسی کو پتا نہ چلے۔ جواب میں عدالت نے تلخ لہجے میں کہا کہ منتظمین کو اس کا علم ہونا چاہئیے کہ لوگوں کا مذہب ان کے نام سے پتہ چل جاتا ہے، اس لیے اس بات کو اصول نہ بنایا جائے۔ اس کے ساتھ جسٹس سنجیو کھنہ نے یہ بھی کہا کہ کالج منتظمین کو بتانا ہوگا کہ "آپ خواتین کو اس پابندی سے کس طرح مضبوط بنارہے ہیں کہ انھیں کیا زیب تن کرنا چاہیے۔ طلباء کو جو پہننا ہے انھیں اس کی اجازت ہونی چاہیے۔ عرضی دہندہ کی نمائندگی کررہے وکیل کا الزام تھا کہ طالبات کو حجاب پہننے کی وجہ سے کلاس میں ہر سرگرمی میں حصہ لینے سے روک دیا گیا ہے اور انھیں حاضری بھی دینے کا موقع نہیں دیا جارہا۔ جواب میں کالج کی نمائندگی کرنے والے سینئر وکیل مادھوری دیوان نے کہا کہ کالج میں مسلم علاقہ کی 441 طالبات ہیں اور صرف تین حجاب پہننا چاہتی ہیں۔ عدالت نے تمام دلیلوں کو سننے کے بعد کہا کہ سبھی لڑکیوں کو چاہیے کہ وہ حجاب پہنے یا نہ پہنے، انہیں کلاس روم میں اس کی اجازت نہیں ہوگی۔ برقع پہن کر بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ قابل ذکر ہے کہ برقع پورے جسم کو ڈھکنے کے لیے پہنا جاتا ہے جس سے کان اور چہرہ بھی پوری طرح چھپ جاتا ہے۔ جبکہ اسکارف سر اور چہرے کو چھپاتا ہے جس کا استعمال بیشتر مسلم طالبات کرتی ہیں۔ سپریم کورٹ نے حجاب پر پابندی کے نفاذ کو 18 نومبر تک جزوی طور پر روک دیا، جو کہ ایک بڑی راحت ہے، عدالت نے انتظامیہ اور سماج کے ٹھیکیداروں سے جو سوالات کئے ہیں وہ دلچسپ ہیں۔ عدالت نے بندی اور تلک پر بھی سوال پیدا کردیا ہے اور کالج انتظامیہ سے کہا، "لڑکیوں کو اپنی پسند کی آزادی ہونی چاہیے کہ وہ کیا پہن رہی ہیں اور کالج ان پر زبردستی نہیں کر سکتا۔ یہ بدقسمتی کی بات ہے کہ آپ اچانک یہ جان کر بیدار ہوگئے کہ ملک میں بہت سے مذاہب ہیں۔" حالانکہ کالج نے دعویٰ کیا کہ مسلم طالبات کو حجاب پہننے کی اجازت دینے سے ہندو طالبات زعفرانی شالیں پہن سکتی ہیں، کیونکہ سیاسی عناصر صورت حال کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ برقع، حجاب سے متعلق اس کے عبوری حکم کا غلط استعمال نہ کیا جائے اور غلط استعمال کی صورت میں ممبئی کالج کو عدالت سے رجوع کرنے کی آزادی دی جائے۔ اس مقدمہ میں 26 جون کو، ہائی کورٹ نے کالج کے فیصلے میں مداخلت کرنے سے انکار کردیا، یہ کہتے ہوئے کہ اس طرح کے قوانین طلباء کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی نہیں کرتے اور یہ کہ ڈریس کوڈ کا مقصد نظم وضبط کو برقرار رکھنا ہے، جو کالج کے قیام اور انتظام کے بنیادی حق کا حصہ ہے۔ سچائی یہ ہے کہ 13 اکتوبر 2022 کو عدالت عظمیٰ کی دو ججوں کی بنچ نے کرناٹک سے شروع ہونے والے حجاب تنازعہ میں مخالفانہ فیصلہ سنایا۔ اس وقت کی بی جے پی زیر قیادت ریاستی حکومت نے وہاں کے اسکولوں میں اسلامی سر ڈھانپنے پر پابندی عائد کردی تھی۔ بمبئی ہائی کورٹ نے پابندی کے خلاف درخواست کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ڈریس کوڈ مذہب یا ذات سے قطع نظر تمام طلباء پر لاگو ہوتا ہے۔ طلباء، جو سائنس ڈگری پروگرام کے اپنے دوسرے اور تیسرے سال میں تھے، نے ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا، اور دلیل دی تھی کہ کالج کی جانب سے ڈریس کوڈ نافذ کرنے کی ہدایت ان کے مذہب پر عمل کرنے کے بنیادی حق، رازداری کے حق، اور انتخاب کے حق کی خلاف ورزی کرتی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ کالج کی کارروائی "من مانی اور غیر معقول ہے۔" قارئین اسلامی فقہ میں حجاب کا تعلق پردہ سے ہے جس کو شرم وحیا اور اخلاقی اقدار کے تحفظ کا ذمہ دار سمجھا جاتا ہے۔ جیسے حکم ہے کہ "ایمان والوں سے کہہ دو کہ وہ اپنی نگاہ نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کو بھی محفوظ رکھیں یہ ان کے لیے بہت پاکیزہ ہے بے شک اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں" حالانکہ چہرہ ے پردے کی شرعی حیثیت پر الگ الگ رائے ہیں۔ بنگلہ دیش میں ایک مشہور دیوبندی عالم ہیں، جن کا کہنا یہ ہے کہ شرعی پردہ کے لیے حجاب نقاب یا برقع کی خاص ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ اگر کوئی عورت "شرافت والا" لباس پہن لے اور اس سے اس کا جسم چھپ جاتا ہو تو لباس شرعی پردہ کے لیے کافی ہے، چاہے یہ لباس ساڑی ہو یا کرتہ۔ طلاق کی طرح حجاب کے معاملے میں مسلمانوں کے مختلف مسالک کے مفتی اور علمائے کرام کے نظریات میں فرق پایا جاتا ہے۔ پھر بھی عدالت کا فیصلہ ایک نیک شگون ہے۔

